نوٹ ابن تیمیہ کی بکواس کا جواب شاہ عبدالعزیز کے تحفہ سے کہ اس طرح موجود ہے کہ لولا السنتان لھلک النعمان کہ امام اعظم صاحب فرماتے ہیں کہ اگر وہ دو سال نہ ہوتے جن میں کہ میں نے امام جعفر صادقؑ سے فیض حاصل کیا ہے تو میں ہلاک ہو جاتا۔ اس کلام سے معلوم ہوتا ہے کہ امام اعظم نے فرزند نبیؐ امام جعفر صادقؑ سے قواعد علم فقہ لیے ہیں اور ابن تیمیہ جھوٹ بکتا ہے۔

نوٹ کاشف ذہبی اور تہذیب التہذیب میں بھی اسی طرح لکھا ہے والقطان وقال فی نفسی منہ شی کہ قطان بخاری کا استاد کہتا ہے کہ امام جعفر صادقؑ کے بارے میرے دل میں کچھ شک ہے اور میزان الاعتدال اور مغنی میں اسی طرح لکھا ہے کہ قال القطان مجالد احب الی منہ کہ ایک مجالد نامی شخص مجھے امام جعفر صادقؑ سے زیادہ محبوب ہے۔

بخاری اور اسکا استاد قطان دونوں گستاخ اہلبیت تھے

ارباب انصاف بخاری وہ بے ایمان شخص ہے جس نے اپنی نام کی صحیح میں عمران بن حطان، اور حریز بن عثمان اور مروان جیسے شیطانوں کی حدیث لی ہے اور اگر نہیں لی تو فرزند نبیؐ امام جعفر صادقؑ سے حدیث نہیں لی، اور بخاری نے اپنے اس رویہ میں خاندان نبوت کی توہین اور تنقیص کی ہے اور آل رسولؐ کی توہین کرنے والا ہے ایسا شخص بے دین اور بدمذہب ہے اور بخاری اسی طرح تھا

Presented by www.ziaraat.com

عظمت سادات اور انکی توہین کرنے والے بے ایمان اور فاسق ہے

۱- اہل سنت کی معتبر کتاب معرکۃ الآراء ـ مؤلف شاہ سلامت اللہ
۲- اہل سنت کی معتبر کتاب صواعق ـــ بیان تعصبات ـ نصر اللہ کابلی
۳- اہل سنت کی معتبر کتاب لطافۃ المقال ـ فاضل رشید
۴- اہل سنت کی معتبر کتاب مناقب السادات ـ شہاب الدین
۵- اہل سنت کی معتبر کتاب تحفہ اثنا عشریہ ـــ محدث شاہ دہلوی

معرکۃ الآراء کی عبارت	استخفاف و اہانت اہل بیت با مصطفیٰ عالیات کفر صریح ست مثل الخوارجات

آل رسول کی شان میں بے ادبی کفر صریح اور زیادہ خسارہ ہے
نوٹ امام بخاری نے امام جعفر صادق کی شان میں آنجناب سے بے اعتنائی کا اظہار کرکے گستاخی کی ہے اور بقول شاہ سلامت اللہ بخاری کافر ہو گیا ہے

صواعق کی عبارت	من آمن بمحمد و لم یؤمن باہل بیتہ فلیس بمؤمن جو محمد پر ایمان لائے اور آنجناب کی آل پر ایمان نہ لائے

وہ مومن نہیں ـ نوٹ نصر اللہ کابلی کے فرمان مطابق بھی امام بخاری مومن نہیں ہے

لطافۃ المقال کی عبارت علماء نے اسکی تعزیر	مرتکب بے ادبی ایک قوم خطیر جرم تعزیر آل پیغمبر از فاضل رشید کتاب ہے کہ آل نبی کے بارے جو بے ادبی کرے وہ تعزیر کا حکم لگایا ہے۔
مناقب السادات کی عبارت	ملک العلماء ابن عمر دولت آبادی نے نقل کیا ہے کہ علوی کو اہانت کی رو سے علوی کہنا کفر ہے

اور آل نبی کو اذیت دینا انکی توہین کرنا کفر ہے۔

Presented by www.ziaraat.com

تحفہ اثنا عشریہ کی عبارت | باب ۷ بحث امامت میں حدیث ثقلین اور حدیث سفینہ کو لکھنے کے بعد محدث دہلوی فرماتے ہیں کہ نجات

اور ہدایت مربوط ہے آل محمد کی اتباع کے ساتھ اور جو آل محمد کی پیروی نہ کرے گا وہ ہلاک ہوگا۔ اور آل نبی کی پیروی خدا کے فضل سے اہل سنت کو حاصل ہے۔ انتہی۔

نوٹ امام جعفر صادق کی صداقت میں شک کر کے ابن اسماعیل بخاری نے نبی کریم کے فرمان حدیث ثقلین اور حدیث سفینہ کی مخالفت کی ہے اور امام جعفر صادق کی احادیث کو مشکوک سمجھ کر بخاری نے انکی پیروی نہیں کی اور یہ بخاری صاحب کے بے ایمان ہونے کا ٹھوس ثبوت ہے خلاصۃ الکلام ابن اسماعیل بخاری اور اسکا استاد یحییٰ بن سعید القطان دونوں آل رسول سے منحرف تھے اور گستاخ اہل بیت رسول تھے۔

کتاب اہل سنت تہذیب الکمال میں لکھا ہے کہ امام جعفر صادق سے خلق کثیر نے روایت کی ہے مثلاً انکے بیٹے موسیٰ بن جعفر نے اور شعبہ اور سفیان اور مالک نے اور امام شافعی نے اور ابن معین نے اور ابو حاتم نے انکی توثیق کی ہے اور ابو حنیفہ امام اعظم کہا ہے کہ میں نے حضرت جعفر صادق سے بڑا فقیہ نہیں دیکھا ارباب انصاف خاندان نبوت کے جلیل القدر بزرگ کی توہین کر کے بخاری نے اپنا منافق اور کافر ہی ثابت کیا ہے اور اس نظر سے بخاری نے اپنے لئے دوزخ کو ٹھکانا بنایا ہے بخاری جیسے گئی گذرے اہل نبی کی شان میں عجیب سمجھتے رہے ہیں مگر ان کو لعنت کے کچھ نہ نصیب ہوا از استعداد الافہام ص

Presented by www.ziaraat.com

ابن اسمٰعیل بخاری نے اپنے استاد علی بن المدینی کی کتاب چوری کر لی استاد اس غصہ میں مر گیا اور بخاری اسکی موت کا سبب بنا

منقول از استقصاء الافحام صہ ۱۲۲ قال مسلمہ بن قاسم علی ما نقل عنہ فی تاریخہ کہ بخاری کا استاد علی بن المدنی کسی سفر پر گیا اور بخاری نے اسکے بیٹے سے کہا کہ اپنے اپ کی کتاب العلل مجھے تین دن کے لئے عاریۃً دے دیں اور استاد زادہ کو سو دینار بھی رشوت دیا۔ استاد زادہ نے سو دینار لے کر اپنی مال سے جلد باز کے کتاب العلل بخاری کو دے دی بخاری نے ایک سو کاتب بلا کر انکو ایک دینار دے کر کتاب العلل جو چھوٹی چھوٹی سو جزوں پر مشتمل تھی انسے نکالی جب علی بن مدینی سفر سے واپس آیا اور درس شروع کیا تو بخاری کے سوالات اور جوابات سے انکو معلوم ہوا کہ اس نے میرے بعد میرے گھر والوں سے حیلہ کرکے میری کتاب چوری کر لی ہے فلم یزل مغموماً بذالک ولم یلبث الا یسیراً حتی مات اور استاد اسکے بعد مغموم رہنے لگا حتی کہ مر گیا پھر بخاری نے استاد کی کتاب کو سامنے رکھ کر اپنی صحیح بخاری کو ترتیب دیا اور خود بڑا محدث بن گیا۔

نوٹ: ارباب انصاف دیکھا آپنے کہ یہ بخاری کتنا بددیانت تھا اپنے استاد کے ساتھ بھی خیانت کرنے سے باز نہیں آیا۔

Presented by www.ziaraat.com

صحیح بخاری کی چند جھوٹی روایات کا نمونہ ملاحظہ ہو

منقول از استقصاء الافحام ص ۹۳۶

۱۔ نبی کریمؐ نے جب ابوبکر سے عائشہ کا رشتہ مانگا تو ابوبکر نے کہا آپ تو میرے بھائی ہیں۔ نبی کریمؐ نے فرمایا تو دین میں میرا بھائی ہے وہی لی حلال اور عائشہ میرے لیے حلال ہے فتح الباری میں اس حدیث کی تحریر میں لکھا ہے حافظ علاء الدین مغلطائی بن قلیچ حنفی نے اس حدیث کی صحت میں نظر فرمائی ہے کیونکہ ایک تو نبی کریمؐ نے رشتہ خود نہیں مانگا تھا بلکہ خولہ بنت حکیم کو روانہ کیا تھا ، اور دوسری بات یہ ہے کہ ابوبکر کی خلت نبی کریم کے ساتھ مدینہ میں قائم ہوئی تھی اور منگنی عائشہ کی مکہ میں ہوئی تھی۔

۲۔ از استقصاء ص ۹۳۷ بخاری نے اپنی صحیح میں لکھا ہے کہ حضرت ابراہیم قیامت کے دن اپنے کافر باپ کی شفاعت کریں گے اور اللہ پاک سے جدال کریں گے ؛ اور فتح الباری میں ابن حجر عسقلانی نے فرمایا ہے ہذا حدیث فی صحۃ نظر کہ اس حدیث کے صحیح ہونے میں نظر ہے۔

۳۔ از استقصاء ص ۹۳۸ بخاری نے اپنی صحیح میں لکھا ہے کہ نبی کریم نے ایک منافق کا جنازہ پڑھنے کا ارادہ کیا اور امیر عمر نبی کریم سے الجھ پڑے اور نبی کریم نے فرمایا کہ اللہ پاک نے فرمایا ہے کہ ستر بار بھی تم استغفار کرو تو خدا منافقین کو نہیں بخشے گا

Presented by www.ziaraat.com

نبی کریم نے کہا کہ میں ستر بار سے زیادہ کروں گا۔ امام اہل سنت
غزالی نے منقول کیں اس حدیث کی صحت سے انکار کیا ہے اور شارح
قسطلانی نے بھی اور فتح البخاری میں شارح عسقلانی نے کئی علماء اہل سنت
سے اس حدیث کی صحت سے انکار نقل کیا ہے۔

۴۔ از استفسار ص ۹۳۹ بخاری نے اپنی صحیح میں لکھا ہے کہ ابراہیم نبی
نے صرف تین جھوٹے بولے تھے اور امام رازی نے اس
حدیث کی صحت سے انکار فرمایا ہے۔

۵۔ از استفسار ص ۹۵ بخاری نے اپنی صحیح میں یہ حدیث لکھی ہے
کہ ایک نبی کو ایک چیونٹی نے کاٹ لیا تھا اس نے پوری نمل کی کالونی کو
جلا دینے کا حکم دے دیا۔ یہ حدیث سفید جھوٹ ہے۔

۶۔ از استفسار ص ۹۶۲ بخاری نے اپنی صحیح میں لکھا ہے کہ نبی
کریم نے حضرت علیؑ کو نماز تہجد کے لئے اٹھایا تھا اور حضرت
علیؑ نے کہا کہ میں سوائے فرض نماز کے اور کچھ نہیں پڑھتا۔
امام الاولیاء پر بخاری کا یہ سفید جھوٹ ہے۔

۷۔ از استفسار ص ۹۶۲ بخاری نے اپنی صحیح میں لکھا ہے کہ حضرت
علیؑ نے دختر ابوجہل کا رشتہ مانگا اور نبی کریم ناراض ہو گئے
فتح الباری میں اس کی صحت سے بھی انکار کیا گیا ہے۔ نوٹ
ارباب انصاف بخاری کی تمام احادیث کو غور سے پڑھیں اور
تو پتہ کریں کہ انبیاء اولیاء اور خلفاء اور امہات المومنین
پر بہت بہتان باندھے گئے ہیں۔

Presented by www.ziaraat.com

سنی علماء کی گواہی کہ کتاب صحیح مسلم بدعت کی پیڑھی ہے اور اس میں کئی جھوٹ لکھے ہیں

ثبوت ملاحظہ ہو۔

۱۔ اہل سنت کی معتبر کتاب الرجال مؤلف ملا علی قاری، منقول از استقصاء الافحام ص ۹۰۲

۲۔ اہل سنت کی معتبر کتاب الجواہر المضیئہ فی طبقات الحنفیہ منقول از استقصاء الافحام ص ۱۰۰ مؤلف علامہ سید حامد حسین

۳۔ اہل سنت کی معتبر کتاب الامتاع فی احکام السماع مؤلف جعفر بن ثعلب بن جعفر، از استقصاء ص ۹۹۹

۴۔ اہل سنت کی معتبر کتاب تہذیب التہذیب ص ذکر احمد بن عیسیٰ

۵۔ اہل سنت کی معتبر کتاب میزان الاعتدال ص احمد بن عیسیٰ مصری

۶۔ اہل سنت کی معتبر کتاب زاد المعاد فی ہدی خیر العباد ص

۷۔ اہل سنت کی معتبر کتاب منہاج السنۃ ص ابن تیمیہ

الرجال کی عبارت | وقد قال الحافظ ان مسلما لما وضع کتابه الصحیح عرضه علی ابی زرعة فانکر علیه و تغیظ وقال

سمیته الصحیح فجعلته سلما لاهل البدع وغیرهم

ترجمہ: ملا علی قاری حنفی فرماتے ہیں کہ امام مسلم بن حجاج نے جب اپنی کتاب صحیح مسلم تالیف فرمائی تو لے کر امام اہل سنت ابو زرعہ کی خدمت میں پیش کی۔ ابو زرعہ اس کتاب کو دیکھ کر غیظ و غضب میں آگیا اور سخت نفرت کا اظہار کیا۔

Presented by www.ziaraat.com

اور فرمایا کہ تم نے اس کتاب کا نام صحیح رکھا ہے اور تم نے اس کتاب کو اہل بدعت کے لیے سیڑھی بنایا ہے۔

طبقات حنفیہ کی عبارت | عبد القادر بن محمد بن نصر اللہ ابو الوفا القرشی نے بھی لکھی ہے کہ جب مسلم نے اپنی صحیح کو ابو زرعہ کی خدمت میں پیش فرمایا تو انہوں نے کہا سمیتہ الصحیح فجعلت سلما لاہل البدعۃ کہ تو نے اسکا نام صحیح رکھا ہے اور اسکو اہل بدعت کے لیے سیڑھی بنایا ہے

الامتاع کی عبارۃ | جعفر بن ثعلب علامہ ابو الفضل ادفوی نے لکھا ہے وکان ابو زرعہ یذم وضع کتاب مسلم ویقول کیف تسمیۃ الصحیح وفیہ فلان وفلان وذکر جماعۃ کہ محدث ابو زرعہ مسلم بن حجاج کے کتاب لکھنے کی مذمت کرتا تھا اور کہتا تھا کہ کس طرح اسکا نام صحیح تجویز کیا ہے حالانکہ اس میں فلاں فلاں جھوٹے راوی ہے پس سے

میزان اور تہذیب کی عبارت | احمد بن عیسی مصری کے حالات میں لکھا ہے قال سعید البرذعی شہدت ابا زرعہ ذکر عندہ مسلم فقال ھؤلاء اراد التقدم قبل اوانہ

سعید برذعی کہتا ہے کہ میں ابو زرعہ کے پاس موجود تھا کہ صحیح مسلم کا ذکر ہوا انہوں نے فرمایا کہ یہ لوگ وقت سے پہلے علامہ بننے کا شوق رکھتے ہیں۔ مسلم ان احمد بن عیسی سے روایت کرتا ہے اور ابو زرعہ اسکو جھوٹا سمجھتے ہیں نوٹ ان حوالہ جات کے بعد مسلم کی کتاب کو صحیح کہنا ۔ صحیح کی توہین ہے۔

Presented by www.ziaraat.com

سنی محدثین کی تحقیق کہ صحیح مسلم میں لکھی گئی غلط حدیثیں یہ ہیں

مسلم کا پہلا جھوٹ استقصاء الافحام ص ۴۸۶ میں منقول ہے کہ مسلم نے عدم ایمان ابوطالب و دخول فی النار کی حدیثیں نقل کر کے اپنی آخرت برباد کی ہے اور اپنی صحیح کو برباد کیا ہے۔ کیونکہ تذکرہ خواص الامۃ میں سبط ابن جوزی حنفی نے نقل کیا ہے کہ وفات ابوطالب پر نبی کریم نے انہیں غسل دیا فرمایا تھا غفر اللہ لہ ورحمہ اور جناب عباس نے پوچھا اترجو لہ فقال ای واللہ انی لارجو لہ۔ کیا آپ ان کی نجات کی امید رکھتے ہیں فرمایا ہاں امید رکھتا ہوں۔ اور ابوطالب کے لئے نبی کریم نے جزاک اللہ خیرا کے الفاظ بھی فرمائے تھے۔ نیز امام اہل سنت جمال الدین محدث نے اپنی کتاب روضۃ الاحباب میں نقل کیا ہے کہ صاحب جامع الاصول لکھتے ہیں کہ اہل بیت رسول فرماتے ہیں کہ ابوطالب صاحب ایمان تھے۔ مذکورہ بالا حدیث رجا امید ہے وہ امر محقق پر دلالت کرتی ہے جس طرح صواعق محرقہ میں ابن حجر مکی نے لکھا ہے کہ یہ حدیث حضرت حسن کی شان میں لعل اللہ ان یصلح بہ بین فئتین امر محقق پر دلالت کرتی ہے اور خلافت معاویہ درست ہے لعل ترجی اور امید کے لئے آتا ہے۔

نوٹ: بخاری اور مسلم نے عدم ایمان ابوطالب کی جھوٹی احادیث نقل کر کے اپنے منہ پر لعنت کی سیاہی ملی ہے اور اپنی صحیحین کو رسوا کیا ہے اور اپنے دوزخی ہونے کا ثبوت دیا ہے اور وہ لوگ اس مسلک سے تعلق رکھتے ہیں جنہیں نبی کریم کے والدین کے عدم ایمان کی حدیثیں گھڑنی تھیں۔

Presented by www.ziaraat.com

مسئلہ ایک اور جھوٹ کہ ابوبکر کی خلافت منصوص ہے!!

استقصار الافحام ص۵۰۹ میں منقول ہے مسلم نے یہ حدیث لکھی ہے کہ نبی کریم نے وقت وفات عائشہ سے کہا کہ تم اپنے باپ ابوبکر کو بلاؤ تا کہ میں تحریر لکھوں تاکہ کوئی تمنا نہ کرے اور یہ نہ کہہ سکے کہ میں اولی ہوں اور اللہ اور مومنین ابوبکر کے علاوہ کسی کو نہیں پسند کرتے اس حدیث سے یہ ظاہر ہوتا ہے کہ ابوبکر کی خلافت منصوص ہے مگر علامہ نووی نے شرح مسلم میں اور عبد العزیز نے تحفہ میں اور ابو السعادات ابن اثیر نے جامع الاصول میں تصریح فرمائی ہے کہ ابوبکر کی خلافت منصوص نہیں ہے۔ نیز ان حضرات کی گواہی سے مسلم کی مذکورہ حدیث جھوٹی ثابت ہو گئی اور صحیح مسلم کی صحت بھی برباد ہو گئی ہے۔

مسئلہ ایک اور جھوٹ کہ آذان عمر کے مشورے سے شروع ہوئی ہے

استقصار ص۹۹ میں منقول ہے کہ ابن عمر کہا ایک دن مسلمان کہنے لگے کہ نماز میں لوگوں کو جمع کرنے کے لئے یہود و نصاریٰ کی طرح کوئی شے لا بجایا جائے۔ اس عمر نے کہا کہ منادی کروائی جائے پس اذان شروع ہوگئی۔ یہ حدیث مناقض ہے حدیث ابوداؤد سے کہ آذان ایک مرد انصاری کے خواب سے شروع ہوئی تھی نیز احکام شرعیہ بقول شاہ ولی اللہ در ازالتہ الخفا حکمت الٰہی اور حکم خدا سے نازل ہوتے تھے اور مشیرہ وغیرہ جیسے مشورہ وغیرہ کے مشتبہ یا خوابوں سے نازل نہیں ہوتے۔

Presented by www.ziaraat.com

مسلم کا ایک اور جھوٹ کہ یاایہا المدثر قرآن کا پہلے نازل ہوا

استقصاد ص ۹۴ میں منقول ہے کہ مسلم نے اپنی صحیح میں روایت کی ہے کہ قرآن پاک کا یہ جز یاایہا المدثر پہلے نازل ہوا حق اور شارح مسلم نووی نے لکھا ہے کہ یہ حدیث ضعیف ہے ابو ولی الدین ابو زرعہ احمد بن زین الدین عبد الرحیم العراقی نے بھی در کتاب شرح احکام صغریٰ میں اسکے ضعیف ہونے کی تصریح کی ہے۔

مسلم میں احادیث متناقضہ موجود ہیں

استقصاد ص ۹۹ میں منقول ہے مسلم نے اپنی صحیح میں یہ حدیث عائشہ سے نقل کی ہے کہ نبی کریم نے حجۃ الوداع میں بعد از افاضہ نماز ظہر مکہ میں ادا کیا ہے پھر مسلم نے ابن عمر سے یہ حدیث بھی نقل کی ہے کہ آنجناب نے وہ نماز ظہر منیٰ میں ادا فرمائی ہے۔ اور یہ تناقض صحت مسلم کے منافی ہے۔

فضائل ابوسفیان میں مسلم کے تین جھوٹ

استقصاد ص ۹۴ میں منقول ہے کہ مسلم نے روایت کی ہے کہ ابوسفیان نے نبی کریم سے کہا کہ آپ مجھے تین چیزیں عطا کریں ۱ میری بیٹی ام حبیبہ نہایت خوب صورت ہے آپ اس سے شادی کر لیں ۲ معاویہ کو کاتب وحی بنا لیں ۳ مجھے کفار سے جہاد کی اجازت دیں تو ابن حزم ظاہری نے لکھا ہے حدیث مذکورہ جھوٹ ہے

Presented by www.ziaraat.com

اہل سنت کی کتاب صحیح ترمذی بھی جھوٹ سے بھری ہوئی ہے

ثبوت کتاب اہل سنت قرۃ العینین ص ـــ از استقصاء الافحام ص ۱۰۳۳

۱۔ اہل سنت کی بہترین کتاب منہاج السنۃ ص ـــ از استقصاء ص ۱۰۳۲

وقال العلامة ابن دحیة / وقد ذکرت فی کتابی المسمی بالعلم المشهور احادیث کثیرة اوردها ابو عیسی فی کتابه هذا (ترمذی) عن قوم کذابین وحسنها وهی موضوعة ولا یصح ان تکون مرفوعة فلیرجع الناظر الیه فیما انتقدته علیه

ترجمہ۔ علامہ ابن دحیہ فرماتے ہیں کہ میں نے اپنی کتاب علم مشہور میں بہت سی وہ احادیث ذکر کی ہیں کہ جو ابو عیسیٰ ترمذی نے اپنی صحیح ترمذی میں نقل کیا ہے اور وہ جھوٹے راویوں سے انہوں نے نقل کی ہیں اور انہوں نے ان کو حسن کہا ہے حالانکہ وہ موضوع ہیں اور غلط ہیں اور وہ مرفوع نہیں ہیں محقق کو ہماری تنقید کی طرف رجوع کرنا چاہیئے۔

منہاج السنۃ کی عبارت | والترمذی قد ذکر احادیث متعددة فی فضائله وفیها ما هو ضعیف بل موضوع ومع هذا لم یذکر هذا ونحوه۔

ترجمہ: یعنی ابن تیمیہ ناصبی کہتا ہے کہ ابو عیسیٰ ترمذی نے اس باب فضائل میں کئی عدد ضعیف بلکہ موضوع اور جھوٹی حدیثیں ذکر کی ہیں اور اس کے باوجود انہوں نے مجھے اس حدیث کو ذکر نہیں کیا۔

نوٹ دونوں کتب مجھے گواہ ہیں کہ ترمذی میں بہت جھوٹ

ہے۔

ابو عیسیٰ ترمذی کا ابو بکر کی خاطر ایک سفید جھوٹ ملاحظہ ہو

۱۔ ثبوت کتاب اہل سنت میزان الاعتدال ص ذکر عبد الرحمٰن بن غزوان

۲۔ اہل سنت کی معتبر کتاب اشعۃ اللمعات شرح مشکوٰۃ ص ۱۰ از استغیاد

۳۔ اہل سنت کی معتبر کتاب زاد المعاد لابن قیم ص استفساد ص ۲۰۲

۴۔ اہل سنت کی معتبر کتاب سبل الہدیٰ والرشاد فی سیرۃ خیر العباد
مولف محمد بن یوسف شامی شاگرد سیوطی

۵۔ اہل سنت کی معتبر کتاب تاریخ خمیس ص

۶۔ اہل سنت کی معتبر کتاب عیون الاثر ص م ابو الفتح ابن سید الناس

ترمذی کی عبارت | ترجمہ ملاحظہ ہو۔ نبی کریم نے اپنے چچا ابو طالب کے ساتھ سفر تجارت شام کی طرف فرمایا اور اس سفر میں ایک راہب سے ملاقات فرمائی راہب نے انجناب کی بہت عزت فرمائی اور منت و سماجت کے ساتھ مشورہ دیا کہ آپ اس سفر سے واپس تشریف لے جاویں بخوف خطرہ ابو طالب نے انجناب کو واپس کیا اور ابو بکر نے نبی کریم کے ساتھ بلال کو روانہ کیا اور راہب نے زاد راہ دیا۔

نوٹ: میزان میں ذہبی نے لکھا ہے کہ یہ واقعہ غلط ہے۔ کیونکہ اس وقت ابو بکر بچہ تھا اور بلال پیدا ہی نہیں ہوا تھا ابن قیم نے بھی اسی طرح لکھا ہے کہ یہ واقعہ غلط ہے کیونکہ! تو اس وقت بلال پیدا ہی نہیں ہوا یا بچہ تھا اور ابو بکر کے ساتھ نہیں تھا؟ ابن قیم نے بھی اسی طرح لکھا ہے کہ "ابو بکر اس وقت دس برس کا بھی نہیں تھا اور بلال کو اس نے تیس برس بعد میں خرید کیا ہے۔

Presented by www.ziaraat.com

ابوبکر کی فضیلت میں ترمذی شریف میں ایک جھوٹ

اہل سنت کی معتبر کتاب ترمذی شریف سے — از استقصاء

عن عائشة لا ینبغی لقوم فیهم ابوبکر ان یؤمهم غیره۔ عائشہ نے کہا ہے کہ ابوبکر کے بارے نبی کریمؐ نے فرمایا ہے کہ جس قوم میں ابوبکر موجود ہو اس کے علاوہ ان کی دوسرا امامت نہ کروائے محدث ابن جوزی نے اپنی کتاب الموضوعات میں لکھا ہے کہ یہ حدیث موضوع علی رسول اللہ آخر تک یہ حدیث نبی کریمؐ پر جھوٹ بولا گیا ہے عیسیٰ بن میمون بخاری کے نزدیک منکر الحدیث ہے ابن حبان نے کہتا ہے کہ اسکی حدیث حجت نہیں ہے۔

امیر عمر کی فضیلت میں صحیح ترمذی میں ایک جھوٹ ملاحظہ ہو

اعز الاسلام باحب هذین بابی جهل او بعمر بن الخطاب

عبداللہ بن عمر کہتا ہے کہ نبی کریمؐ نے دعا مانگی تھی کہ اے خدا! تو ابوجہل یا عمر بن خطاب کے ساتھ اسلام کو عزت بخش اور عمر زیادہ محبوب تھا نبی کے رسالہ دار منثور فی الاحادیث المشتہرہ سے — از استقصاء ص ۱۰۲۲۹ سیوطی نے کہا ہے کہ مذکورہ حدیث غلط ہے اور سیرت حلبیہ منقول از استقصاء ص ۲۲۶ میں لکھا ہے کہ جناب عائشہ نے کہا ہے کہ مذکورہ حدیث غلط ہے نبی کریمؐ نے تو یوں فرمایا تھا کہ اے خدا! تو عمر یا ابوجہل کو اسلام کے ساتھ عزت بخش اسلام سے لوگوں کو عزت ملتی ہے تاکہ لوگوں سے اسلام کو عزت ملتی ہے الاسلام یعز ولا یعز۔

Presented by www.ziaraat.com

فضیلت امیر عثمان میں ترمذی کا ایک جھوٹ ملاحظہ ہو

منقول از استقصاء الافحام صفحہ ۱۰۲ صاحب تحفہ اثنا عشریہ نے لکھا ہے کہ اتی بجنازۃ الی رسول اللہ صلعم یصلی علیہ وقال انہ کان یبغض عثمان فابغضہ اللہ ۔ نبی کریم کے پاس ایک جنازہ لایا گیا آنجناب نے اس پر نماز جنازہ نہ پڑھی اور فرمایا کہ یہ عثمان کے ساتھ بغض رکھتا تھا اور خدا اسکے ساتھ بغض رکھتا تھا ۔ نوٹ منقول ہے از استقصاء صفحہ ۱۰۲ کتاب اہل سنت الموضوعات میں ابن جوزی نے لکھا ہے کہ یہ حدیث غلط ہے محمد بن زیاد اسکا راوی امام احمد اور دار قطنی اور ذہبی کے نزدیک کذاب و خبیث ۔

علماء اہل سنت کو دعوت انصاف اور دعوت فکر

منقول از استقصاء صفحہ ۱۰۳ ابن اثیر جزری نے اپنی کتاب جامع الاصول میں لکھا ہے من کان فی بیتہ ھذا الکتاب فکانما فی بیتہ نبی یتکلم کہ جس گھر میں صحیح ترمذی ہو صاحب خانہ یہ سمجھے کہ اسکے گھر میں نبی کریم بول رہا ہے اہل سنت دوستو کتنا افسوس کا مقام ہے ایک طرف تو تم نے اپنی کتاب صحیح ترمذی کو نبی اللہ کا مقام دے دیا ہے اور پھر دوسری طرف اسکے جھوٹ اور غلطیاں بھی شمار کرنا شروع کر دیں جسکا کچھ نمونہ ہم نے پیش بھی کیا ہے اگر تم میں شرم ہو تو ڈوب مرو جب یا تمہیں تحریر کرتے کچھ خیال نہ آئے یہ کہتے ہیں کہ شیعوں کی کتاب غلط

ہیں ان کو کوئی سمجھائے کہ شیعوں کو تم کیا طرف [illegible]

مصنف اہل حدیث سنن ابوداؤد بھی جھوٹ سے پر ہے

منقول از استقصاء الافحام ص ۱۰۹۲ فیض القدیر میں مناوی نے لکھا ہے کہ لما صنفہ وعرض علی الحدیث کالمصحف کہ بعض علماء فرماتے ہیں کہ جب ابوداؤد نے اپنی صحیح تالیف فرمائی تھی تو وہ اہل حدیث کے نزدیک مانند قرآن تھی۔

ابن تیمیہ کے نزدیک مصحف بھی غلطیوں سے خالی نہیں ہے

اہل سنت کی معتبر کتاب منہاج السنۃ ص ـــــ از استقصاء الافحام ص ۱۰۹۶

قال: الحدیث انہ لیس فی الصحیحین بل قد طعن فیہ بعض اہل الحدیث کابن حزم وغیرہ، ولکن رواہ اہل السنن کابی داؤد والترمذی وابن ماجہ۔

ترجمہ: ابن تیمیہ ناصبی نے اس حدیث کے ذکر میں کہ نبی پاک نے فرمایا ہے کہ میری امت ۷۳ فرقوں پر تقسیم ہو گی لکھا ہے اس حدیث کو بخاری اور مسلم میں نہیں لکھا گیا بلکہ بعض اہل حدیث نے اس پر طعن کیا ہے مثلاً ابن حزم وغیرہ نے البتہ اہل سنن نے اس حدیث کو لکھا ہے جیسے کہ یہ حدیث سنن ابوداؤد و ترمذی و ابن ماجہ میں موجود ہے۔

مؤلف: کہاوت ہے کہ دیگ سے ایک دانہ معلوم کر کے پوری دیگ کا اندازہ ہوتا ہے قول ابن تیمیہ ناصبی جب کہ مصنف اہل حدیث میں مذکورہ غلطی ہے تو اور بھی کئی اور غلطیوں کا امکان پیدا ہو گیا۔

Presented by www.ziaraat.com

مصحف اہل حدیث سنن ابوداود کے چند اور جھوٹ ملاحظہ ہوں

۱۔ سنن ابی داود میں ایک نماز کا طریقہ ہے جو نبی کریم نے عباس بن عبدالمطلب کو تعلیم فرمایا تھا کہ ہر رکعت میں ۱۵ مرتبہ اور دس دس مرتبہ تسبیح اربعہ کا پڑھنا ہے۔ نوٹ اس روایت میں ایک راوی موسیٰ بن عبدالعزیز ہے جس کو ابن جوزی نے الموضوعات میں ضعیف لکھا ہے۔

۲۔ سنن ابی داود میں ابو بکرہ بکار کی روایت ہے کہ نبی کریم نے منگل کے دن حجامت یعنی خون نکلوانے سے منع کیا ہے نوٹ ابن جوزی نے اپنی کتاب الموضوعات میں لکھا ہے کہ ابو بکرہ بکار جھوٹا ہے۔

۳۔ سنن ابی داود میں یہ حدیث آئی ہے کہ نبی کریم نے چھری کانٹے سے گوشت کاٹنے کو منع کیا ہے اور فرمایا ہے کہ دانتوں سے کاٹو۔ نوٹ ابن جوزی نے زاد المعاد میں لکھا ہے کہ بقول امام احمد کے یہ حدیث بھی جھوٹی ہے۔

۴۔ سنن ابی داود میں لکھا ہے کہ قدریہ اس امت کے مجوس ہیں۔ نوٹ ابن جوزی نے اس حدیث کو بھی جھوٹ قرار دیا ہے۔

۵۔ سنن ابی داود میں لکھا ہے کہ نبی کریم نے لیلۃ النحر ۱۰ ذوالحج کی رات ام سلمہ کو بھیجا اور اس نے فجر سے پہلے جمرہ کو عقبہ مارے۔ نوٹ ابن جوزی نے زاد المعاد میں اس حدیث کو بھی جھوٹ لکھا ہے۔

۶۔ سنن ابی داود میں لکھا ہے کہ عبداللہ بن زید کے خواب سے اذان شروع ہوئی ہے نوٹ سیرت حلبیہ میں لکھا ہے کہ محمد بن حنفیہ نے اس روایت کو غلط قرار دیا ہے اور مستدرک حاکم میں ہے۔

Presented by www.ziaraat.com

میں لکھا ہے کہ امام مسلم نے بھی اس روایت کو غلط قرار دیا ہے اور خود مفسر نے بھی لکھا ہے کہ امام محمد باقر نے بھی فرمایا ہے کہ [illegible] خواب سے شروع ہو نہیں سکتا۔

علمائے اہل سنت کو دیانت و انصاف کی دعوت فکر

ہر شخص کو مرنا ہے اور خدا کو جواب دینا ہے جو چاہتے ہیں فلاں بھائی اپنے سنت نہ رہو۔ [illegible] سے کہ اپنے سر سے پاؤں تک زور لگا کر بھی شیعوں کی تردید کی اور لکھ رہا کہ جھوٹ کے پیچھے [illegible] دعوت انصاف دیتے ہیں کہ تعصب کو تم ایک طرف رکھو۔ تو بقول تمہارے مسلمان علماء لگے اسلام سے بہت دور ہیں اور تم شیعوں نے اسلام [illegible] ہے اپنے [illegible] اور [illegible] اسلام کو [illegible] کہ ہم نے دیانت داری سے ایک اسلام کو سمجھا [illegible] اسلام کا [illegible] اپنے [illegible] فرماتے [illegible] اور غلط بیانی کا پلندہ [illegible] اور [illegible] نے ان کو [illegible] قرار دیا ہے وہ بھی جھوٹ کے پلندے

ہے نہیں [illegible] کر دی [illegible]

دیوبند کی [illegible] شیعوں کی مخالفت پر زور [illegible] شیعوں کی مخالفت [illegible] قرار [illegible] بھی [illegible] کوئی [illegible] نہیں ہے تم [illegible] احادیث [illegible] احادیث شریف [illegible]

Presented by www.ziaraat.com

سنن نسائی بھی صحت کے معیار سے گری ہوئی ہے

امام اہل سنت امام نسائی بھی کا ایک عیب جنسی ہے صاحب استقصاء الافحام نے صفحہ ۱۰۰ میں انکے بارے علماء اہل سنت کی کتب سے اسی پر کراہت نقل کی ہے کہ ان امیر المومنین فی الحدیث کی چار بیویاں تھیں، اور شاہ سلامت اللہ نے اپنی کتاب معرکۃ الآراء میں انکی فضیلت کثرت جماع کو انکا طعن اور انکے لیئے باعث استہزا قرار دیا ہے اور شاہ عبد العزیز نے انکے زیادہ جماع کرنے کو انکے لیے شرف شمار کیا ہے۔

امام نسائی صاحب بزرگان اہل سنت کے حق میں بدزبان تھے

ثبوت منقول از استقصاء الافحام ص ۱۰۷۵ کتاب اہل سنت کاشف الامام ذہبی کے حاشیہ میں ذکر احمد بن صالح مصری میں لکھا ہے کہ ابو حاتم نے احمد بن صالح مصری کی توثیق کی ہے مگر امام نسائی نے وصفہ بالکذب والوضع کہ انکو جھوٹے اور بنانے کی صفت سے متصف فرمایا ہے، اور نسائی کی اس بدزبانی کو امام سبکی نے خوب نوٹس لیا ہے کہ جو کچھ ابن ابی ذئب نے مالک کے حق میں اور ابن معین نے شافعی کے حق میں اور نسائی نے امام احمد بن صالح کے حق میں بجا الزام کیے وہ سب جھوٹ ہے۔ اور میزان الاعتدال ذکر احمد بن صالح میں لکھا ہے کہ امام نسائی کی تیز ابھار کو احمد بن صالح نے اپنے درس میں بیٹھنے سے روک دیا تھا اسی لیئے امام نسائی نے انکی مذمت کی ہے۔ خلاصہ علماء اہل سنت نے ایک [illegible]

Presented by www.ziaraat.com

صحیح نسائی کی چند غلطیاں نمونہ کے طور پر ملاحظہ ہوں

۱۔ منقول از استقصاء الافحام ص۱۰۴۶ ابن قیم نے زاد المعاد میں لکھا
ہے فی سنن ابی داود والنسائی عن عائشۃ ان النبی اخر
طواف یوم النحر الی اللیل وھذا الحدیث غلط
بین خلاف المعلوم من فعلہ الذی لایشک فیہ اھل العلم
بحجیتہ۔ ترجمہ: امام نسائی نے عائشہ سے روایت کی ہے کہ نبی کریم نے
دن ذوالحجہ روز نحر طواف کو رات تک ملتوی اور مؤخر فرمایا تھا اور
یہ حدیث عائشہ واضح طور پر غلط ہے اور نبی کے جس فعل کی حجیت معلوم
ہے اسکے خلاف ہے۔

۲۔ امام نسائی نے یہ حدیث نقل کی ہے کہ فسخ حج بعمرہ صرف اصحاب
کے لئے ہے اور زاد المعاد میں ابن قیم نے اس کو بھی غلط قرار
دیا ہے کیونکہ وقت مجبوری حج کو عمرہ مفردہ میں تبدیل کرنا ہمیشہ
کے لئے ہے اور تمام لوگوں کے لئے ہے۔

۳۔ امام نسائی نے یہ حدیث نقل کی ہے کہ نبی کریم نے مقام ذات عرق
کو اہل عراق کے لئے وقتی طور میقات مقرر فرمایا تھا اور ولی الدین نے
ابوزرعہ نے شرح احکام صغریٰ میں لکھا ہے کہ یہ حدیث صحیح
روایت غریب ہے۔

نوٹ: ارباب انصاف قوم سعادت خیال رہے کہ جو صحاح ستہ گھڑ لی ہے
اس کی ابتدا میں قدم قدم پر غلطیاں ہیں اور جس قوم کا ذخیرہ حدیث غلط
ہو اس کی فقہ تو لامحالہ غلط ہوگی مذہبی بنیاد ان کی اور نمونہ ۱۰۰ کی۔

Presented by www.ziaraat.com

سنن ابن ماجہ بھی جھوٹ کا پلندہ ہے اور نواصب کے نزدیک سونے کا ہے

منقول از تنقید از الافحام صفحہ ۶۶ ابن خلکان نے وفیات الاعیان میں ابو عبداللہ محمد بن یزید بن ماجہ القزوینی کے بارے لکھا ہے کہ کان اماما فی الحدیث کہ ابن ماجہ حدیث کے امام تھا اور عبد الحق نے رجال میں تشکیک کی ہے اور شاہ عبد العزیز نے بستان المحدثین میں بھی ان کو صحاح ستہ میں شمار کیا ہے مگر افسوس کہ اہل سنت کے اتنے بڑے امام کی بھی خوب مٹی پلید کی ہے کتاب الوافی بالوفیات میں علامہ صلاح الدین صفدی نے ذکر محمد بن یزید ابن ماجہ میں لکھا ہے قال الشیخ شمس الدین انما غض من رتبۃ کتابہ ای کتاب ابن ماجہ پر واہیہ احادیث منکرہ نیز سنن ابن ماجہ کے رتبہ کو مولف نے موضوع حدیثیں درج کر کے گھٹا دیا ہے۔ اور میزان الاعتدال میں ذکر داود بن المحبر میں تحقیق کر کے لکھا ہے کہ حدیث ہے کہ ایک شہر قزوین بھی فتح ہوگا اور جو شخص چالیس راتیں اس میں رابطہ کرے گا اس کو جنت میں محل ملے گا اسکے بعد لکھا ہے فلقد شان ابن ماجہ سننہ بادخال ہذا الحدیث الموضوع فیہا اور ابن ماجہ نے اپنی سنن میں یہ حدیث درج کر کے سنن کو عیب دار کر دیا ہے کیونکہ یہ حدیث جھوٹی ہے۔ نوٹ: اور جس مذہب کی بنیاد غلط احادیث پر ہوگی وہ مذہب اور اس کی فقہ بھی جھوٹی ہوگی فقہ دیوبندیہ کی بنیاد صحاح ستہ ہے پس فقہ دیوبندیہ بھی جھوٹی ہے۔

Presented by www.ziaraat.com

امام احمد بن حنبل ناصبی ہے اور اس کی مسند میں بھی ضعیف موجود ہے

منقول از استقصاء الافحام صفحہ ۱۰۲ ابن حجر عسقلانی کے استاد زین الدین عراقی فرماتے ہیں بعض التذییل میں لکھا ہے۔ وقال العراقی وجود الضعیف فی مسند احمد محقق بل فیہ احادیث موضوعۃ جمعتہا فی جزء۔ عراقی کہتا ہے کہ ضعیف حدیث کا مسند میں وجود موجود ہے بلکہ موضوع حدیثیں بھی ہیں جن کو یکجا جمع کیا ہے۔

احمد بن حنبل کی ناصبیت کا ٹھوس ثبوت ہے

منقول از استقصاء الافحام صفحہ ۱۰۸۳ ابن تیمیہ منہاج السنہ میں کہتا ہے کہ حضرت علیؑ کا عائشہ اور معاویہ سے ان کی بغاوت کے بعد جنگ کرنا ایک فتنہ تھا۔ اور جو لوگ اس جنگ میں شامل نہیں ہوئے انہوں نے بہت اچھا کیا ہے وھذا مذھب مالک و احمد بن حنبل والاوزاعی والثوری الخ اور معاذ اللہ حضرت علیؑ کو ان لڑائیوں میں غلطی پر سمجھنا مالک اور احمد بن حنبل اور اوزاعی اور ثوری کا مذہب ہے۔ اور امام اہل سنت شاہ عبدالعزیز نے تحفہ میں لکھا ہے کہ حضرت علیؑ اپنی تمام جنگوں میں حق پر تھے اور فریق مخالف آنجناب کے باغی تھے۔

نوٹ: جو علماء اہل سنت ہمارے شیعوں کی فقہ کے بارے میں معترض ہونے کی کوشش فرماتے ہیں اور اپنی فقہ و کتب اور احادیث کو صحیح بناتے ہیں ہمارے پیش کردہ حوالہ جات ان کے لیے دعوت فکر ہیں۔

Presented by www.ziaraat.com

احادیث کتب شیعہ کے راوی جنکی صداقت وسچائی کے علماء

اہل سنت نے گیت گائے ہیں

ارباب انصاف اب ہم نمونہ کے طور پر آپکے سامنے ان راویوں کا ذکر کرتے ہیں کہ جنکے شیعہ ہونے میں کوئی شک وشبہ نہیں ہے اور سنی علماء نے انکی سچائی کی گواہی دی ہے اور انکی احادیث کو قبول کیا ہے۔

سچ ہے الفضل ماشہدت بہ الاعداء

فضیلت وہ ہے جسکی گواہی دشمن دیتے ہوں اختصار کی مجبوری ہے اس لئے ہم انکی فہرست پیش کرتے ہیں۔

۱- ابان بن تغلب الکوفی شیعہ تھا اور احمد بن حنبل نے انکی توثیق کی ہے میزان اعتدال ص۵ ملاحظہ ہو۔

۲- ابراہیم بن یزید بن عمرو الکوفی بخاری اور مسلم نے ان سے حدیث لی ہے اور ابن قتیبہ نے المعارف میں انکے شیعہ ہونے کی گواہی دی ہے اور المعارف ص۲۰۶ ذکر رجال شیعہ۔

(۳) احمد بن المفضل الجعفری شیعہ تھا اور ابو داود و نسائی نے اس سے حدیث لی ہے میزان ص۱۵۷ (۴) اسماعیل بن ابان الازدی بخاری نے اس سے حدیث لی قبول سنی علماء کے شیعہ بھی تھا اور سچا بھی میزان ص۲۱۲

(۵) اسماعیل بن خلیفہ الملائی شیعہ تھا عثمان پر تنقید کرتا تھا ترمذی نے اس سے حدیث لی ہے میزان ص۲۲۶ المعارف ص ذکر رجال شیعہ

Presented by www.ziaraat.com

(۶) اسماعیل بن زکریا الاسدی مسلم اور بخاری نے اس سے حدیث لی ہے
شیعہ بھی اور سچا بھی تھا میزان ص ۲۲۲

(۷) اسماعیل بن عباد المعروف بالصاحب عباد الطالقانی ابوداؤد اور
ترمذی نے اس سے حدیث لی ہے میزان ص ۲۳۲

(۸) اسماعیل بن عبدالرحمٰن المعروف بالسدی شیعہ تھا اور ثوری اور مسلم نے
اس سے حدیث لی ہے میزان ص ۲۳۶

(۹) اسماعیل بن موسیٰ الفزاری شیعہ تھا ابوداؤد اور ترمذی نے اس سے حدیث
لی ہے نسائی نے بھی اس کی توثیق کی ہے میزان ص ۲۵۱

(۱۰) تلید بن سلیمان الاعرج شیعہ تھا اور ترمذی نے اس سے ص ۲۵۶ حدیث
لی ہے اور احمد اور ابن نمیر نے بھی اس کی حدیث لی ہے میزان۔

(۱۱) ثابت بن دینار المعروف بابی حمزۃ الثمالی معروف شیعہ تھا۔ ترمذی
نے اس سے حدیث لی ہے میزان الاعتدال ص ۳۶۳

(۱۲) جابر بن یزید الجعفی کوفی شیعہ تھا اور ابوداؤد اور ترمذی نے اس سے
حدیث لی ہے ص ۳۵۴

(۱۳) ثویر بن ابی فاختہ الجہم مولیٰ ام ہانی بنت ابی طالب شیعہ اور صدوق
تھا ترمذی نے اس سے روایت کو لیا ہے میزان ص ۳۹۵

(۱۴) جریر بن عبدالحمید الضبی ابن قتیبہ نے اسکو رجال شیعہ سے
شمار کیا ہے بقول ذہبی صدوق ہے میزان ص ۳۹۴

(۱۵) جعفر بن زیاد الاحمر شیعہ ترمذی اور نسائی نے اس کی
احادیث سے احتجاج کیا ہے سفیان ثوری نے اس کی توثیق
کی ہے میزان الخ۔

Presented by www.ziaraat.com

(۱۶) جعفر بن سلیمان الضبعی شیعہ اور صدوق تھا میزان ص ۴۰۸ / ۱

(۱۷) جمیع بن عمیرہ التیمی شیعہ اور سچا تھا ص ۴۲۱ / ۱ میزان

(۱۸) الحارث بن حصیرہ صدوق لکن رافضی میزان ص ۴۳۲ / ۱

(۱۹) الحارث بن عبد اللہ الہمدانی شیعہ اور سچا تھا میزان ص ۴۳۵ / ۱

(۲۰) حبیب بن ابی ثابت الاسدی شیعہ اور موثق تھا میزان ص ۴۵۱ / ۱

(۲۱) الحسن بن حی الہمدانی شیعہ اور ثقہ تھا میزان ص ۴۹۶ / ۱

(۲۲) الحکم بن عتیبہ شیعہ تھا مسلم نے اسکی روایات کو لیا میزان ص ۵۷۷ / ۱

(۲۳) حماد بن عیسیٰ شیعہ تھا ارباب صحاح نے اسکی حدیث لی ہے ص ۵۹۸ / ۱

(۲۴) حمران بن اعین زرارہ کا بھائی شیعہ تھا موثق تھا میزان ص

(۲۵) خالد بن مخلد القطوانی امام بخاری کا شیخ ہے میزان ص ۶۴۰ / ۱

(۲۶) داؤد بن ابی عوف ثقہ احمد وغیرہ شیعہ تھا میزان ص ۱۸ / ۲

(۲۷) زبید بن الحارث الیامی ثقہ فیہ تشیع میزان ص ۹۶ / ۲

(۲۸) زید بن الحباب ابو الحسین ۔ العابد ۔ الثقہ الصدوق ۔ میزان ص ۱۰۰ / ۲

(۲۹) سالم بن ابی الجعد شیعی تھا ثقات التابعین میزان ص ۱۰۹ / ۲

(۳۰) سالم بن ابی حفصہ العجلی وثقہ ابن معین میزان ص ۱۱۱ / ۲

(۳۱) شریک بن عبد اللہ قاضی الکوفہ صدوق مشہور اور شیعہ تھا میزان ص ۲۷۰ / ۲

(۳۲) سعید بن خثیم الہلالی شیعہ اور ثقہ تھا میزان ص ۱۵۳ / ۲

(۳۳) سعد بن طریف شیعہ تھا ترمذی نے اسکی روایت لی ہے میزان ص ۱۲۲ / ۲

(۳۴) سلمہ بن الفضل الابرش شیعہ تھا و لا بأس به میزان ص ۱۹۲ / ۲

(۳۵) سلمہ بن کہیل شیعہ اور ثقہ تھا المعارف ص ۳۰۶ ذکر الزیدیہ۔

Presented by www.ziaraat.com

(۳۶) سلیمان بن صرد الخزاعی امیر التوابین جن کی شیعہ بخون امام حسینؑ کا بدلہ لیا اور شہید ہوگئے مسلم اور بخاری کے رواۃ سے ہے طبقات ابن سعد

(۳۷) سلیمان بن طرخان شیعہ تھا مسلم کا راوی ہے معارف لابن قتیبہ

(۳۸) سلیمان بن قرم الضبی شیعہ تھا مسلم کا راوی میزان ص ۲

(۳۹) سلیمان بن مہران الاعمش شیعہ تھا ثقہ تھا میزان ص ۲۲۶

(۴۰) شریک بن عبد اللہ صدوق ثقہ میزان ص ۲۷۰/۲

(۴۱) شعبہ بن حجاج مسلم اور بخاری کے روات سے ہے المعارف ص

(۴۲) صعصعہ بن صوحان ثقہ معروف میزان ۔ اصابہ

(۴۳) طاوس بن کیسان شیعہ تھا مسلم و بخاری کے رواۃ سے ہے المعارف

(۴۴) ظالم بن عمرو ابو الاسود الدؤلی ثقہ شیعہ الاصابہ ص

(۴۵) عامر بن واثلہ ابو طفیل شیعہ تھا ثقہ تھا الاستیعاب

(۴۶) عباد بن یعقوب الاسدی صادق فی الحدیث میزان ص

(۴۷) عبد اللہ بن داود الہمدانی شیعہ رواۃ بخاری سے ہے المعارف

(۴۸) عبد اللہ بن شداد ہمدانی ثقہ متشیعا ۔ الطبقات لابن سعد ص ۸۶

(۴۹) عبد اللہ بن عمر بن ابان صدوق فی الحدیث میزان ص ۲

(۵۰) عبد اللہ بن میمون القداح شیعہ تھا ترمذی کے رواۃ سے ہے میزان ص ۵۱۲/۲

(۵۱) عبد اللہ بن لہیعہ قاضی مصر شیعہ تھا رواۃ مسلم سے ہے میزان ص ۴۷۵/۲

(۵۲) عبد الرحمن بن صالح الازدی شیعہ تھا رواۃ نسائی سے ہے میزان ص ۵۷۹/۲

(۵۳) عبد الرزاق بن ہمام من الاعلام الثقات اور شیعہ تھا میزان ص ۶۰۹/۲

(۵۴) عبد الملک بن اعین شیعہ تھا اور صالح الحدیث تھا میزان ص ۶۵۱/۲ ۔

Presented by www.ziaraat.com

(٥٥) عبید اللہ بن موسیٰ العبسی شیخ البخاری ثقہ لغہ میزان ص ١٦/٢

(٥٦) عثمان بن عمیر رواۃ ابو داؤد سے ہے اور ترمذی سے میزان ص ٢/٢

(٥٧) عدی بن ثابت الکوفی رواۃ مسلم و بخاری سے ہے اور شیعہ بھی تھا میزان ص ٢/٢

(٥٨) عطیہ بن سعد رواۃ ابو داؤد و ترمذی کا سے ہے اور شیعہ ہے میزان

(٥٩) العلاء بن صالح رواۃ ترمذی سے اور شیعہ سے تھا میزان ص ١٩١/٢

(٦٠) علقمہ بن قیس رواۃ مسلم اور بخاری سے اور شیعہ سے تھا طبقات ص ٥٧/٦

(٦١) علی بن بذیمہ شیعہ تھا اور ثقہ تھا میزان ص

(٦٢) علی بن الجعد شیخ البخاری شیعہ اور ثقہ تھا المعارف میزان

(٦٣) علی بن زید بن عبداللہ شیعہ اور ثقہ تھا میزان ص ١٣٧/٢

(٦٤) علی بن صالح اخو حسن بن صالح شیعہ تھا مسلم کے رواۃ سے تھا میزان ص ١٣٣/٢

(٦٥) علی بن غراب ابو یحییٰ الفزاری صدوق عند ابو زرعہ اور شیعہ تھا میزان

(٦٦) علی بن قادم ابوالحسن صدوق ثقہ و شیعہ میزان ص ١٥٥/٢

(٦٧) علی بن المنذر الطرائفی شیخ ترمذی و نسائی شیعہ صدوق میزان ص ١٥٧/٢

(٦٨) علی بن ہاشم بن البرید ثبت شیعہ میزان ص ١٦٣/٢

(٦٩) عمار بن زریق سے شیعہ اور مسلم و نسائی و ابو داؤد کے
رواۃ سے تھا میزان۔

(٧٠) عمار بن معاویہ الدہنی ثقہ محدث اور شیعہ بھی تھا میزان ص ١٦٣/٢

(٧١) عمرو بن عبداللہ ہمدانی ثقہ اور شیعہ تھا المعارف ص میزان

(٧٢) عوف بن ابی جمیلہ شیعہ اور صدوق تھا میزان ص

(٧٣) الفضل بن دکین شیعہ اور ثقہ تھا میزان ص ٣٥٠/٢

(٧٤) فضیل بن مرزوق الاغر شیعہ اور ثقہ تھا میزان ص ٣٩٢/٢

Presented by www.ziaraat.com

(۷۵) نضر بن خلیفہ الحافظ شیعہ اور ثقہ عالم الحدیث تھا میزان

(۷۶) مالک بن اسماعیل النہدی شیخ البخاری شیعہ تھا میزان ص ۲۴۳/۳

(۷۷) محمد بن حازم الضریر شیعہ اور ثقہ تھا میزان ص ۳۳۴/۳

(۷۸) محمد بن عبداللہ الضبی النیشاپوری - ابو عبداللہ الحاکم امام الحفاظ و المورخین امام صدوق شیعی تھا مشہور میزان ص ۶۳/۳

(۷۹) محمد بن عبیداللہ المدنی شیعہ اور ثقہ تھا میزان ص ۶۳۳/۳

(۸۰) محمد بن فضیل بن غزوان - شیعہ اور صدوق تھا مشہور میزان ص ۹

(۸۱) محمد بن مسلم بن الطائفی مشہور شیعہ تھا - ابن معین نے اسکی توثیق کی ہے مسلم کی کتاب وضو میں اسکی حدیث موجود ہے میزان ص ۴۰/۴

(۸۲) محمد بن موسیٰ الفطری شیعہ اور رواۃ مسلم اور ترمذی سے تھا میزان

(۸۳) معاویہ بن عمار الدہنی مشہور شیعہ تھا اور مسلم اور نسائی نے اسکی حدیث کو لیا ہے مسلم کتاب الحج ملاحظہ ہو۔

(۸۴) معروف بن خربوذ المکی - صدوق شیعی میزان ص ۱۴۳/۴

(۸۵) منصور بن المعتمر السلمی شیعہ عابد زاہد صدوق ہے الطبقات ص ۲۳۵/۶

(۸۶) المنہال بن عمرو شیعہ تھا اور رواۃ بخاری سے ہے میزان ص ۱۹۲/۴

(۸۷) موسیٰ بن قیس الحضرمی شیعہ اور ثقہ تھا میزان ص ۲۱۸/۴

(۸۸) نفیع بن الحارث ہمدانی شیعہ تھا رواۃ ترمذی سے ہے میزان ص ۲۷۲/۴

(۸۹) نوح بن قیس الحدانی شیعہ اور عالم الحدیث تھا میزان ص ۲۷۹/۴

(۹۰) ہارون بن سعید العجلی شیعہ تھا اور ثقہ تھا میزان ص ۲۸۴/۴

(۹۱) ہاشم بن البرید بن زید شیعہ اور ثقہ تھا میزان ص ۲۸۸/۴

Presented by www.ziaraat.com

(۹۲) ہبیرہ بن بریم الحمیری شیعہ اور ثقہ تھا میزان ص ۲۹۳/۴

(۹۳) ہشام بن زیاد ابو المقدام البصری شیعہ اور ثقہ تھا میزان ص ۲۹۸/۴

(۹۴) ہشام بن عمار شیخ البخاری شیعہ اور ثقہ تھا میزان ص ۳۰۲/۴

(۹۵) ہشیم بن بشیر ابو معاویہ سلمی مسلم و بخاری کے راوی ثقہ تھا شیعہ تھا میزان

(۹۶) وکیع بن الجراح رافضی اور راوۃ بخاری سے ہے میزان ص ۳۳۵/۴

(۹۷) یحییٰ بن الجزار العرنی شیعہ ثقہ اور صدوق بھی تھا میزان ص ۳۶۹/۴

(۹۸) یحییٰ بن سعید القطان شیعہ اور ثقہ تھا۔ المعارف ص

(۹۹) یزید بن ابی زیاد الکوفی شیعہ اور ثقہ تھا میزان ص ۴۲۳/۴

(۱۰۰) ابو عبداللہ الجدلی شیعہ اور ثقہ تھا طبقات ص ۱۵۹/۶

علمائے اسلام کو دعوت فکر دیانت اور انصاف کی رو سے

ارباب انصاف جن علماء اہل سنت کو فسق و فجور کی بنا پر ذکر کیا ہے اسکی تفصیل کے لئے کتاب استقصاء الافحام در جواب منتہی الکلام مؤلف علامہ میر سید حامد حسین رحمۃ اللہ ملاحظہ کریں ہمارے اس عالم نے یہ کتاب لکھ کر ناصبیت کے تابوت میں آخری میخ ٹھونک دی ہے اور جن علماء شیعہ کی اہل سنت نے تعدیل اور توثیق ذکر کی ہے اسکی تفصیل کے لئے کتاب المراجعات مؤلف سید عبدالحسین شرف الدین موسوی ملاحظہ کریں یہ کتاب بھی ناصبیت کی ؟ شکوہ کے منہ پر ہے۔ راوۃ شیعہ کی توثیق اور تعدیل کے لئے آپ میزان الاعتدال اور کتاب المعارف اور طبقات الکبری و اصابہ و استیعاب کتب اہل سنت کی طرف رجوع فرمائیں ہماری یہ مختصر سی طلباء علم مناظرہ کے لئے بعض اور راستہ کی طرف نشان دہی کا کام دے گی۔

Presented by www.ziaraat.com

حضرت زرارہ بن اعین احادیث کتب شیعہ کے راوی کی توثیق

مولوی محمد علی بلال نگھی نے اپنے مذہب اور اپنے خلفاء کے سہارا کھڑا ہونے
پر پردہ ڈالنے کے لیے ایک عجیب سہارا لیا ہے کہ ایک راوی احادیث کتب
شیعہ جناب زرارہ بن اعین پر جرح اور تنقید کر کے شیعہ مذہب کو باطل
ثابت کرنے کی ناکام کوشش کی ہے۔ اور ہم سمجھتے ہیں کہ ڈوبتے
ہوئے کو تنکے کا سہارا، مگر جناب زرارہ پر جھوٹے الزامات لگانے سے
خلافت کی گرتی ہوئی دیوار کو سہارا نہیں مل سکتا۔ اور
اب ہم جناب زرارہ کی صفائی پیش کرتے ہیں اور دیوبندی احباب
کو ہم یہ دعوت دیتے ہیں کہ انکی صفائی پیش کریں۔ شیعوں کی کتاب
معجم رجال الحدیث صفحہ ۲۲۴ باب الزای ذکر زرارہ
مؤلف آیت اللہ سید ابوالقاسم خوئی دام ظلہ میں لکھا ہے اختصار کے
مدنظر ترجمہ ہی پیش خدمت ہے کہ عبداللہ بن زرارہ سے امام جعفر
صادق نے فرمایا کہ اقرا منی علی والدک السلام کہ اپنے والد کو ہماری
طرف سے سلام پہنچانا اور کہنا کہ انی انما اعیبک دفاعا منی
منک کہ ہم تیری حفاظت کی خاطر تم پر عیب لگاتے ہیں۔ ہم
آل محمد جسکو اپنے قریب کرتے ہیں اور جسکی تعریف
کرتے ہیں لوگ اسکو اذیت دیتے ہیں اور ہم جس کی مذمت کرتے
ہیں لوگ اسکی تعریف کرتے ہیں اور تو اے زرارہ ہم آل
محمد کی محبت رکھنے میں مشہور ہے اسی لیے لوگوں کو تجھ سے
نفرت ہے اور وہ تیری مذمت کرتے ہیں۔

Presented by www.ziaraat.com

فاحببت ان اعیبک لیحمدوا امرک فی الدین

پس میں نے تم کو عیب دار بنانا پسند کیا تاکہ لوگ تیری تعریف کریں اور اس حیلہ سے ہم تجھکو لوگوں کے شر سے بچا سکیں

کسی شیٔ کی حفاظت کی خاطر اسکو عیب دار کرنا جائز ہے

رب تعالیٰ نے قرآن پاک میں جناب موسیٰ اور حضرت خضر نبی کے قصہ میں فرمایا ہے کہ حضرت خضر نبی نے غریب ملاحوں کی صحیح و سالم کشتی میں سوراخ کر کے اسکو عیب دار کر دیا جب کہ جب حضرت موسیٰ نے وجہ پوچھی تو جناب خضر نے فرمایا کہ ایک بادشاہ جو کشتیاں صحیح و سالم تھی انکو غصب کرتے ہوئے آرہا تھا جس نے اسلئے غریب اور مسکین ملاحوں کی کشتی میں سوراخ کر کے اسکو عیب دار کر دیا تاکہ اس کشتی کو عیب دار سمجھ کر وہ بادشاہ اسکو غصب نہ کرے اور چھوڑ دے اور یہ قصہ اس آیت کریمہ میں موجود ہے۔

اما السفینة فکانت لمساکین یعملون فی البحر فاردت ان اعیبها وکان وراءهم ملک یاخذ کل سفینة غصبا۔

پس جس طرح اس کشتی کو ایک نبی نے عیب دار کیا تاکہ وہ غصب ہونے سے بچ جائے اسی طرح زرارہ کو مذمت کے عیب سے عیب دار کیا گیا تاکہ وہ نواصب اشرار کی اذیت سے بچ جائے

Presented by www.ziaraat.com

مذمتِ ضلالت و بدعیانِ سُنی فقہاء اہلِ سنت سنی علماء کی زبانی

۱- اہلِ سنت کی معتبر کتاب میزان الکبریٰ ص۵۵ ج۱ م عبد الوہاب شعرانی

۲- اہلِ سنت کی معتبر کتاب حجۃ البالغہ ص۱۶۵ مطبع صدیقی م شاہ ولی اللہ

۳- اہلِ سنت کی معتبر کتاب ناظورۃ الحق ص م علامہ مرجانی منقول از حقیقۃ الفقہ ص۸۰ مؤلف محمد یوسف جے پوری

۴- اہلِ سنت کی معتبر کتاب ملفوظات مرزا مظہر جان جاناں مطلع العلوم ص۸۹

۵- اہلِ سنت کی معتبر کتاب رسالہ عمل بالحدیث م مولوی ولایت علی خاں ص۱۶

۶- اہلِ سنت کی معتبر کتاب انصاف علی سبب الاختلاف م محمد حیات سندھی

۷- اہلِ سنت کی معتبر کتاب دراسات اللبیب ط لاہور م ملا معین لاہوری ص۱۸۳

۸- اہلِ سنت کی معتبر کتاب تذکرۃ الحفاظ دائرۃ المعارف نظامیہ ص۲۴

۹- اہلِ سنت کی معتبر کتاب رسالہ انصاف ط مجتبائی دہلی ص۹۸ م شاہ ولی اللہ

۱۰- اہلِ سنت کی معتبر کتاب المؤمل ص علامہ عبد الرحمٰن ابو شامہ

۱۱- اہلِ سنت کی معتبر کتاب فتوحات مکیہ ص۲۱۸ م محی الدین عربی

۱۲- اہلِ سنت کی معتبر کتاب احیاء العلوم ص۲۱۳ ج۳ ط نولکشور م امام غزالی

۱۳- اہلِ سنت کی معتبر کتاب نافع کبیر فاضل لکھنوی صفحہ ص۱۰

نوٹ:

مذکورہ ۱۳ عدد کتب کے حوالہ جات میں ہم نے کتاب حقیقۃ الفقہ مؤلفہ محمد یوسف جے پوری پر اعتماد کیا ہے یہ عالم سنی اہلِ حدیث ہے اور اس نے بڑی محنت سے سنی علماء کی مٹی پلید کی ہے کہ قیامت تک ایک نہیں ہو سکتی اور سنی حزب الاحناف کے منہ پر وہ جوتے مارے ہیں کہ جن کی سوزش خرشہ

Presented by www.ziaraat.com

باقی رہے گی اور اب ہم مذکورہ کتب کی عبارات نقل کر کے سنی بھائیوں کو دعوت انصاف دیتے ہیں

فتوحات مکیہ کی عبارت | سنی ملاں درباری بن کر سلاطین کے ہاتھوں بک گئے

واعلم انه لما غلبت الاهواء على النفوس وطلبت العلماء المراتب عند الملوك تركوا المحجة البيضاء وجنحوا الى التأويلات البعيدة ليمشوا اغراض الملوك فيما لهم هوى نفس ليستندوا في ذالك الى امر شرعي مع كون الفقيه ربما لا يعتقد ذالك ويفتي به وقد رأينا منهم جماعة على هذا من قضاتهم وفقهائهم۔

ترجمہ: جان تو کہ جب خواہشات بدطبیعتوں پر غالب آگئیں اور سنی علماء نے بادشاہوں کے درباروں میں عہدے طلب کئے تو انھوں نے دینِ حق کا روشن راستہ چھوڑ دیا اور تاویلات کی پٹاریاں کھول دیں تاکہ بادشاہوں کی غرضیں پوری ہوں اور ان چیزوں کو انھوں نے شریعت ٹھہرا دیا باوجودیکہ وہ علماء خود ان کے شریعت ہونے کا عقیدہ نہ رکھتے تھے اور نہ ہی ان پر فتویٰ دیتے تھے اور ان کے قاضی اور مفتیوں کی ایک جماعت کو ہم نے خود اس بڑی حالت اور بددیانتی پر دیکھا ہے۔

نوٹ: ارباب انصاف سنی علماء اور فقہاء کے بددیانت ہونے کے بارے میں یہ نظریہ ابن محی الدین عربی کا ہے کہ جس کے بارے شرح مسلم الثبوت میں بحر العلوم نے لکھا ہے اس پر ولایت کا خاتمہ ہے اور مذکورہ عبارت اس بات کا واضح ثبوت ہے کہ سنی ملاں درباری پٹھو بن گئے اور عہدوں کی خاطر دین بیچ ڈالا اور جھوٹے فتوے دیئے اور جب فقہ حنفیہ کے بانیوں کا یہ حال ہے تو ان کی فقہ [illegible]

Presented by www.ziaraat.com

احیاء العلوم کی عبادۃ } بقول غزالی سنی فقہاء و علماء حرام خور اور بدکردار بن گئے

ثم منهم فرقة اقتصروا على علم الفتاوى وخصصوا اسم الفقه بها وربما ضيعوا مع ذالك الاعمال الظاهرة والباطنة ولم يحرسوا اللسان عن الغيبة ولا البطن عن الحرام ولا الرجل من المشى الى السلاطين ولم يحرسوا قلوبهم عن الكبر والحسد والرياء آخر تک

ترجمہ: امام اہل سنت غزالی ایرانی مجوسی فرماتے ہیں کہ اہل سنت علماء میں ایک گروہ ایسا ہے جس نے فتاوی کو علم الفقہ سمجھ لیا اور اس کے ساتھ اپنے ظاہری اور باطنی اعمال کو برباد کر لیا اور انہوں نے اپنی زبان کو برائی اور غیبت کرنے سے نہیں روکا اور اپنے پیٹوں کو حرام کھانے سے منع نہیں کیا اور اپنے پاؤں کو بادشاہوں کی طرف جانے سے اور اپنے دلوں کو تکبر، غرور، حسد و کینہ اور ریاکاری سے نہیں روکا۔ پس ان لوگوں نے علم اور عمل دونوں طرح سے دھوکہ کھایا۔ علم کے لحاظ سے یوں کہ انہوں نے فتاوی کو علم سمجھا اور قرآن و حدیث کو چھوڑ دیا اور محدثین کو گدھا سمجھا۔

نوٹ: ارباب انصاف سنی فقہاء کی مذمت کا امام اہل سنت امام غزالی نے حق ادا کر دیا ہے یہ وہ غزالی ہے جو یزید کو اچھا سمجھتا ہے مگر اہل سنت فقہاء اس کے نزدیک یزید کمینے سے بھی زیادہ برے ہیں اور شیعان علی سنی فقہاء کی اس مذمت اور ٹھکائی پہ جو غزالی کے ہاتھوں ہوئی ہے بہت خوش ہیں کیونکہ یہ فقہاء اہل سنت دشمنان خاندان نبوت تھے خدا نے ان کو اسی دنیا میں ذلیل کیا ہے اور ایک دوسرے کے ہاتھوں ان کو جوتے مروائے ہیں۔ خلاصہ یہ ہیں کہ سنی فقہاء جوتوں میں دال بانٹ رہے ہیں۔ فقہ حنفیہ بھلے بھلے۔

Presented by www.ziaraat.com

تاریخ کبیر کی عبادت } سنی فقہاء نعمان کی خاطر قرآن و حدیث کی مخالفت کرتے ہیں

فطائفۃ قد تعصبوا فی الحنفیۃ تعصبا شدیدا ان وجدوا حدیثا صحیحا علی خلاف خبر اخرتک۔

ترجمہ: فاضل لکھنوی فرماتے ہیں کہ ایک گروہ فقہاء اہل سنت کا ایسا ہے کہ جو اپنی حنفیت میں سخت تعصب کرتے ہیں حتیٰ کہ اگر ان کے مذہب کے خلاف حدیث صحیح ہو تو اس کو اس لئے نہیں مانتے کہ چونکہ نعمان نے اس حدیث کو نہیں مانا۔

نوٹ: مذکورہ عبارت اس بات کا ٹھوس ثبوت ہے کہ سنی فقہاء اپنی حنفیت کی خاطر فرمان رسول اللہ کی مخالفت کرکے گستاخ رسالت ہیں۔

سنی فقہاء فتاوی میں امام اعظم کے خلاف جھوٹ بولتے ہیں

میزان الکبری کی عبارت } فان مذہب الامام حقیقۃ ہو ما قالہ ودام علیہ الی ان مات لا ما فہمہ اصحابہ من کلامہ فقد لا یرضی الامام الذی فہموہ من کلامہ ولا یقول بہ لو عرض علیہ آخر

ترجمہ: سنی فقہاء اپنے نعمان کے اصحاب سے ایک مسئلہ لے کر اس کو نعمان کا مذہب بنا لیتے ہیں اور ہٹ دھرمی ہے۔ امام اعظم کا مذہب وہ قول ہے جو اس نے اختیار کیا ہو اور اپنی موت تک اس قول سے رجوع بھی نہ کیا ہو۔ اور امام کا مذہب وہ قول نہیں ہے جو اس کے اصحاب نے اس کے کلام سے سمجھا ہو اور خود امام نے نہ کہا ہو۔ بعض دفعہ ایسے قول کو اگر وہ امام کی خدمت میں پیش کرتے تو امام اس کو قبول نہ کرتا۔ پس معلوم ہو گیا جو کہ ایسے قول کی امام

Presented by www.ziaraat.com

کی طرف نسبت دے جو امام کے کلام سے سمجھا گیا ہو وہ سنی مذہب سے جاہل ہے بلکہ ابوجہل ہے۔

حجۃ اللہ البالغہ میں ہے: انی وجدت بعضہم ان جمیع ما یوجد فی ہذہ الکتب الفتاوی الضخمۃ ہو قول ابی حنیفۃ وصاحبیہ ولا یفرق بین القول المخرج وبین ما ہو قول فی الحقیقۃ۔

ترجمہ: شاہ ولی اللہ لکھتا ہے کہ میں نے بعض لوگوں کو دیکھا کہ وہ خیال کرتے ہیں کہ ان بڑی بڑی کتب فتاوی میں جو کچھ لکھا ہے وہ سب امام ابوحنیفہ اور صاحبین کا قول ہے اور ان کے اصلی قول اور قول مخرج کے درمیان فرق نہیں کرتے اور ایسی چیزوں کو ابوحنیفہ سے روایت صحیح سمجھتے ہیں۔

نوٹ: مذکورہ عبارات اس امر کا ثبوت ہیں کہ فقہاء اہل سنت ابوحنیفہ کی طرف اقوال کی نسبت دینے میں خائن اور بد دیانت ہیں۔

سنی فقہاء حنفی بعض جھوٹی باتیں امام اعظم کی طرف منسوب کرتے ہیں

رسالہ اہل بالحدیث { ترجمہ: از حقیقۃ الفقہ سے ملاحظہ کریں کہ بعض علماء غلط اور جھوٹ باتیں اس لئے امام اعظم کی طرف منسوب کرتے ہیں کہ لوگ ان کو کمال درجہ کا متقی خیال کریں۔

نوٹ: ارباب انصاف فقہ حنفیہ وہ فقہ ہے جو خود علماء اہل سنت کی نگاہ میں مشکوک اور مذموم ہے بلکہ جھوٹ اور اغلاط کا پلندہ ہے۔ پس جس فقہ کو خود علماء اہل سنت نے رد کر دیا ہے اس کو شیعان علی کس طرح قبول کر سکتے ہیں۔ پس جو حنفی ملاں بالخصوص شہزادے کہتے ہیں کہ ہم احناف ہیں مذکورہ عبارات ان کے منہ پر جوتا ہے۔

Presented by www.ziaraat.com

سنی فقہا کی مذمت میں ایک حملہ اور حنفیت کی گرتی ہوئی دیوار کو ایک دھکا اور

۱- اہل سنت کی معتبر کتاب تلبیس ابلیس صہ ۸۱ از استقصاء الافحام صہ ۲۹۳
۲- اہل سنت کی معتبر کتاب فتوحات مکیہ صہ از استقصاء الافحام
۳- اہل سنت کی معتبر کتاب انصاف فی بیان سبب الاختلاف صہ از استقصا
۴- اہل سنت کی معتبر کتاب عقد الجید فی احکام الاجتہاد و التقلید صہ
۵- اہل سنت کی معتبر کتاب شرح اسماء النبی صہ از استقصاء الافحام
۶- اہل سنت کی معتبر کتاب احیاء العلوم صہ کتاب العلم از

نوٹ: مذکورہ چھ عدد کتب کے حوالہ جات ہم نے کتاب استقصاء الافحام پر بھروسہ کیا ہے۔ علامہ میر سید حامد حسین رحمۃ اللہ علیہ نے کتاب استقصا لکھ کر سنیت اور حنفیت کے تابوت میں آخری کیل ٹھونک دی ہے

کتاب تلبیس ابلیس کی عبارت ابن جوزی نے سنی علماء کی عظمت کا جنازہ نکال دیا

صار احدهم يحتج بآية لا يعرف معناها وبحديث لا يدري أصحيح هو أم لا وربما اعتمد على قياس يعارضه حديث صحيح ولا يعلم۔

ترجمہ: ابو احمد عبد الرحمن بن علی جوزی نے مذکورہ کتاب میں لکھا ہے کہ سنی فقہاء کی حالت یہ ہے کہ آیت قرآن سے دلیل لاتے ہیں اور اس کے معنی نہیں جانتے اور حدیث سے دلیل لاتے ہیں اور ان کو پتہ نہیں ہوتا کہ یہ حدیث ضعیف ہے یا صحیح ہے

Presented by www.ziaraat.com

ویجعل الجواب عن حدیث قد احتج بہ خصمہ ان ھذا

الحدیث لا یعرف وھذا الحکمہ خیانۃ علی الاسلام

سنی فقہاء اسلام میں خیانت کرتے ہیں

ابن جوزی کہتا ہے کہ سنی فقہاء اپنے مخالف کی پیش کردہ حدیث

صحیح کے جواب میں یہ کہتے ہیں کہ اس حدیث کو علماء نہیں جانتے اور

یہ چیز اسلام میں خیانت ہے۔

سنی فقہاء شیطان کے جال میں پھنس کر مقصرین بن گئے ہیں

ومن تلبیس ابلیس علی الفقہاء ان جل اعتمادھم علی تحصیل علم الجدل

آخر تک ۔ ابن جوزی کہتا ہے کہ ابلیس کا ایک جال سنی فقہاء کے پھسانے

کے لئے یہ ہے کہ وہ تمام کوشش علم جدل اور مناظرہ پر کرتے ہیں اور ان

کا مقصد لوگوں میں اپنی شان کو بڑھانا ہوتا ہے۔ ومعلوم ان القلوب لا

تخشع بتکرار ازالۃ النجاسۃ والماء المتغیر وھی محتاجۃ الی

التذکار والمواعظ - اور یہ بات واضح ہے کہ ازالہ نجاست اور آب متغیر

کی گردان کرنے سے دلوں میں خشوع پیدا نہیں ہوتا۔ نصیحت اور مواعظ

کی طرف احتیاج ضروری ہے۔ فتری الفقیہ المفتی یسال عن

آیۃ اوحدیث لایدری وھذا عین التقصیر - اور تو فقیہ

جب کسی آیت اور حدیث کے بارے میں سوال کیا جائے تو وہ نہیں

جانتا اور یہ چیز سنی فقہا کی کوتاہی اور تقصیر ہے

نوٹ :- ابن جوزی نے سنی فقہاء کی مذمت کا حق ادا کر دیا ہے

Presented by www.ziaraat.com

سنی فقہاء اور علماء بدتمیز ہیں گالی گلوچ پر اتر آتے ہیں

وان رای خصمہ قد استطال علیہ بالفظ ظہرت حمیتہ الکبیر فقابل ذالک بالسب۔

ابن جوزی فرماتے ہیں کہ اگر کسی سنی مولانا پر اس کا مد مقابل غالب آجائے تو اس سنی میں تکبیر کی علامت ظاہر ہوتی ہے اور گالیاں دیتا ہے۔

سنی فقہاء کا شیطانی نظریہ کہ فقہ ہی صرف علم شریعت ہے

ان ابلیس لبس علیہم بان الفقہ ھو وحدہ علم الشریعۃ لیس ثم غیرہ فان ذکر لھم محدث قالوا ذالک لا یفھم شیئا

ابن جوزی فرماتے ہیں کہ ابلیس سنی فقہاء پر یہ شبہ بھی ڈالتا ہے کہ علم فقہ ہی صرف علم شریعت ہے۔ اس کے علاوہ اور کوئی علم شریعت نہیں اور اگر سنی فقہاء سے کہا جائے کہ فلاں شخص علم حدیث کا امام ہے تو کہتے ہیں کہ وہ تو کچھ سمجھتا ہی نہیں ہے (ابو جہل ہے)

سنی فقہاء کا کار شیطانی۔ بادشاہوں حکمرانوں کی برائی پر خاموشی

ومن تلبیس ابلیس علی الفقہاء مخالطتھم الامراء والسلاطین مصلحتھم وترک الانکار علیہم مع القدرۃ علیہم علی ذالک وربما رخصوا لھم مالا رخصۃ فیہ لینالوا من دنیاھم فیقع بذالک الفساد لثلاثۃ الاول الامیر

ترجمہ: اور ابلیس کی ایک چال سنی فقہاء کے ...

Presented by www.ziaraat.com

سے میل جول رکھتے ہیں اور ان کے ساتھ منافقت کرتے ہیں اور بادشاہوں کو برائی سے روکنے کی قدرت کے باوجود وہ نہیں روکتے اور بعض دفعہ سنی فقہاء بادشاہوں کو کچھ برائیوں کی اجازت عنایت کرتے ہیں تاکہ وہ سلاطین کی دنیا سے کچھ حاصل کر سکیں اور اس کی وجہ سے تین شخص فاسد اور برباد ہو جاتے ہیں۔ پہلا امیر بادشاہ ہے وہ کہتا ہے کہ اگر میں غلطی پر ہوتا ہے تو یہ عالم اور فقیہ مجھے منع کرتا ہے اور میں کیسے غلطی پر ہو سکتا ہوں جب کہ یہ عالم میرے مال سے کھاتا ہے دوسرا عام آدمی۔ وہ یہ سمجھتا ہے کہ اگر یہ بادشاہ غلط کار ہوتا تو فلاں فقیہ اس کے پاس نہ رہتا اور اس کے مال سے نہ کھاتا اور تیسرا فقیہ وہ اپنے دین کو برباد کرتا ہے۔

بعض سنی فقہاء غیبت کی برائی میں مبتلا ہیں

ومن العلماء قد لبس ابلیس علیهم فیقطعون عن السلطان اقبالا على التعبد والدين فيزين لهم غيبة من يدخل على السلطان

ترجمہ: بعض فقہاء اہل سنت پر ابلیس اور حملہ کرتا ہے کہ وہ بادشاہوں سے دور رہتے ہیں اپنے دین کی حفاظت کی خاطر اور جو درباری سنی ملاں ہوتے ہیں فقہاء ان کی مذمت کو اور غیبت کو حلال جانتے ہیں لیکن ان میں برائیاں جمع ہو جاتی ہیں۔ غیبت اور مدح النفس ۔ تجھے فقہاء اہل سنت کو ابلیس یوں دھوکہ دیتا ہے کہ تو عالم ہے اور متقی اور فقیہ ہے اور علماء سے علم ہر برائی کو دور کرتا ہے۔

نوٹ: ارباب انصاف ہمیں رسالہ کے اختصار کی مجبوری ہے اور ابن جوزی نے فقہاء اہل سنت کی مذمت کا صحیح حق ادا کر دیا ہے۔

Presented by www.ziaraat.com

امام اہل سنت محی الدین عربی فقہاء اہل سنت پر لعنت فرماتے ہیں کیونکہ وہ فقہاء درباری پیچھے بن کر غلط فتوے دیتے ہیں

فتوحات مکیہ ج ۱ ص ۴۱۲ کی عبارت ہے: ولقد اخبرنا الملک صلاح الدین یوسف بن ایوب یا سیدی ما منہ الا یفتینا بہ فقیہ و نظیرہ بجوازہ ذالک فعلیہم لعنۃ اللہ آخر تک

ترجمہ: اختصار کی مجبوری کے باعث صرف ترجمہ پیش خدمت ہے محی الدین عربی سنی جیسے پیر ولایت کا خاتم ہے فقہاء اہل سنت کی مذمت کرتے یہ حکایت نقل کرتے ہیں کہ بادشاہ یوسف بن ایوب سے میری اسی موضوع پر بات چیت ہوئی تو اس نے کہا کہ یا سیدی میری حکومت میں جو برائی بھی آپ کو نظر آرہی ہے اس کے حلال ہونے کا ہمیں فقیہ نے فتوی دیا ہے اور ان برائیوں کے جواز کا حکم اس نے اپنے ہاتھ سے لکھ کر دیا ہے اور ان فقہاء پر خدا کی لعنت اور پھر بادشاہ نے مجھے ایک فقیہ کا نام بتایا کہ اس لعنتی ملاں نے مجھے یہ فتوی دیا ہے کہ مجھ پر صرف ایک ماہ کے روزے فرض ہیں اور اس مہینہ کو معین کرنا ہماری مرضی پر ہے

سنی فقہاء پر شیطان کا گمان سچ ہو گیا

انصاف فی بیان ص ۱ الفقہاء وقد دون لہم الشیطان حیلۃ بسبب الاختلاف لطیفۃ فصدق علیہم ابلیس ظنہ و اطاعہ کثیر منہم واتبعوہ الا فریقا من المعین

Presented by www.ziaraat.com

امام اہل سنت شاہ ولی اللہ دہلوی فرماتے ہیں کہ اہل سنت فقہاء اور علماء پر شیطان نے اپنا ایک لطیف حیلہ آزمایا اور کامیاب پایا اور ان فقہاء پر ابلیس کا گمان صحیح ہوگا اور زیادہ فقہاء نے شیطان کی پیروی کی ہے

شاہ ولی اللہ نے نفاق خفی اور حماقت جلی کا گلو بند فقہاء اہل سنت کے گلے میں ان کی بدباطنی کے باعث ڈال دیا ہے

عقد الجید فی احکام الاجتہاد والتقلید — فحیث ذلک سبب لمخالفۃ حدیث النبی الا نفاق خفی او حمق جلی وھذا ھو الذی اشار الیہ الشیخ عز الدین بن عبد السلام حیث قال آخرتک

شاہ ولی اللہ محدث دہلوی مذکورہ کتاب میں فقہاء اہل سنت کی مذمت کرتے کرتے اس حد تک پہنچ گئے ہیں کہ یہ سنی فقہاء جو حدیث نبی کی مخالفت کرتے ہیں اس مخالفت کا سبب صرف ان فقہاء کا نفاق خفی اور ان کی حماقت اس منافقت اور حماقت اور بدباطنی کی خاطر

اور ان کی اسی منافقت اور شیخ عز الدین عبد السلام نے ارشاد فرمایا ہے اور کہا کہ تعجب ہے کہ یہ فقہاء مقلدین اپنے امام کے اجتہاد کے غلط ہونے پر آگاہ ہوتے ہیں مگر پھر بھی اسی غلط اجتہاد کی تقلید کرتے ہیں اور تاویلات کی بنا پر ہی فضول کر قرآن اور احادیث رسول اللہ کی مخالفت کرتے ہیں۔

فقہ حنفیہ بلبلہ

Presented by www.ziaraat.com

سنی فقہاء وظائف کے بند ہونے کے خطرات کے باعث ابو حنیفہ کی جھوٹی تقلید پر ڈٹے رہے اور یہ دین میں خیانت ہے

الانصاف فی بیان سبب الاختلاف

فقلت فما عندی ان الامتناع من ذالک لخوف الوظائف التی قدرت للفقهاء علی المذاهب الاربعة وان من خرج من ذالک واجتهد لم ینله شی من ذالک وحرم ولایة القضاء وامتنع الناس من استفتائه ونسب للبدعة فتبسم ووافقنی علی ذالک.

ترجمہ: امام اہل سنت شاہ ولی اللہ دہلوی فرماتے ہیں کہ محدث کبیر ابو زرعہ رازی نے اپنے استاد البلقینی سے اس موضوع پر بات چیت کی کہ اہل سنت میں بڑے بڑے قابل لوگ ہیں اور وہ اجتہاد کا دعویٰ نہیں کرتے بلقینی چپ ہو گیا اور کوئی جواب نہ دیا۔

پھر میں نے عرض کی جناب دعویٰ اجتہاد کرنے کا میرے نزدیک یہ سبب ہے کہ وہ وظائف جو مذاہب اربعہ کے فقہاء کے لئے مقرر ہوئے ہیں اگر کوئی سنی اب دعویٰ اجتہاد کرے گا تو اس کو ان وظائف سے حصہ نہ ملے گا اور کوئی عہدہ قضاوت بھی نہ ملے گا اور لوگ اس سے فتویٰ بھی نہ لیں گے اور اس کو بدعتی کہا جائے گا۔ میرا یہ نظریہ سن کر استاد ہنس پڑا اور میری موافقت کی۔

نوٹ: یہ عبارت اس بات کا ٹھوس ثبوت ہے کہ سنی فقہاء لالچی اور دنیا پرست ہیں اور وظیفوں کی خاطر حق کو چھپاتے تھے۔

Presented by www.ziaraat.com

کتاب شرح اسماء ؛ وکذالک کرہ جماعۃ منہم التختم فی الیمین
الیمنی کی عبارت ۔ أما تختمت السواد الأعظم فی الیمین وجعلہ الیسار بعض
لاشعار للسنۃ علامۃ صحۃ ذو النسبین محمد الدین
عمر بن حسین ۔ فرماتے ہیں کہ اہل سنت فقہاء نے انگوٹھی دائیں ہاتھ
میں پہننا مکروہ قرار دیا ہے کیونکہ دائیں ہاتھ میں انگوٹھی روافض پہنتے ہیں

یہ قرارداد اہل سنت فقہاء کی کچھ نہیں اور برعکس ہے کیونکہ ان میں مذہب [illegible]

